نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

۱۳ اکتوبر ۲۰۱۱ء

برائے فوری اجراء

۲۰۱۱/۱۷۹

رابطہ: مارک اسٹرو

ترجمان

فون: ۰۳۰۸۵۵۵۰۵۹۱

امریکی خصوصی نمائندہ مارک گراسمین کا مشترکہ امور پر پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے پر زور

اسلام آباد (۱۳ اکتوبر ۲۰۱۱ء) ___ افغانستان اور پاکستان کیلئے امریکہ کے خصوصی نمائندہ سفیر مارک گراسمین نے آج اسلام آباد میں پاکستان اور اس کے عوام کے ساتھ امریکہ کی طویل مدتی اور دیرپا شراکت داری کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاکستانی وزیر خارجہ حنا ربانی کھر سے ملاقات کے بعد سفیر گراسمین نے کہا کہ ہم نے اس بات سے اتفاق کیا کہ ہم پاکستان کے ساتھ اپنے مشترکہ امور، جو کہ بہت سے ہیں، کی نشاندہی کیلئے منظم طریقے سے کام جاری رکھ سکتے ہیں اور مل کر اُن پر کام کر سکتے ہیں۔

اپنے ایک روزہ دورے کے دوران سفیر گراسمین نے اعلیٰ پاکستانی حکام بشمول صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، جنرل اشفاق کیانی اور وزیر خارجہ حنا ربانی کھر سے ملاقاتیں کیں۔

مارک گراسمین نے بتایا کہ اُن کے اس سفر کے دوران، جس میں وسطی ایشیاء، چین، بھارت اور ترکی میں مختصر قیام بھی شامل ہے، عالمی برادری پر زور دیا گیا کہ وہ ایک مستحکم اور محفوظ خطے میں مستحکم اور محفوظ افغانستان کی حمایت کیلئے مل کر کام کرے۔ اُنھوں نے مزید کہا کہ امریکہ اور پاکستان کے درمیان تعلقات دونوں ملکوں کیلئے اہم ہیں۔

سفیر مارک گراسمین کو ۲۲ فروری ۲۰۱۱ء کو افغانستان اور پاکستان کیلئے خصوصی نمائندہ مقرر کیا گیا تھا۔ یہ اُن کا پاکستان کا پانچواں دورہ ہے۔

پریس کانفرنس کی آڈیو ریکارڈنگ اور تصویر درج ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہے:

www.dropbox.com (login: pasislamabad@gmail.com; password: paspakistan)

###